© rasailojaraid.com

اور فدویت کا مظاہرہ کیا وہ بھی تاریخ کا ایک ناقابل فراموش باب ہے۔

مولانا رازق الخیری نے اپنے مخصوص اور سحر طراز انداز میں یہی داستان بیان کی ہے۔ قیمت ساڑھے تین روپے۔ ملنے کا پتہ، عصمت بک ڈپو، کراچی۔

## نگارش

یہ ایک ادبی پرچہ ہے جو کراچی سے شائع ہو رہا ہے۔ اس کے عام نمبر ہماری نظر سے نہیں گذرے لیکن اس کا سالنامہ جو افسانہ نمبر کی صورت میں شائع ہوا ہے، ہمارے سامنے ہے۔ اور بلاشبہ عام سالناموں کے مقابلے میں یہ کہیں زیادہ دلچسپ اور قابل قدر ہے۔ اس میں ہندوستان اور پاکستان کے معروف اور غیر معروف افسانہ نویسوں کے افسانے مع ان کی "خود نوشت" کے شائع کیے گئے ہیں۔ اکثر افسانے بہت اچھے ہیں اور سب سے بڑی بات یہ کہ ہر گھر میں پڑھے جا سکتے ہیں۔ ہیجان انگیز، اور اخلاق سوز افسانوں کی طرف ذرا بھی توجہ نہیں کی گئی ہے۔

قیمت پانچ روپے، ملنے کا پتہ: "ماہنامہ نگارش" کراچی، کافی ہے۔

(ر۔ ا۔ ج)

© rasailojaraid.com